سورۃ البروج (85)

(مکی — کل آیات 22)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡبُـرُوۡجِ (1)

آسمان کی قسم ہے، جس میں برج ہیں۔

وَالۡیَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ (2)

اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔

وَشَاهِدٍ وَّمَشۡهُوۡدٍ (3)

اور اس دن کی جو حاضر ہوتا ہے اور اس کی جس کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔

قُتِلَ اَصۡحَابُ الۡاُخۡدُوۡدِ (4)

خندقوں والے ہلاک ہوئے۔

اَلنَّارِ ذَاتِ الۡوَقُوۡدِ (5)

جس میں آگ تھی بہت ایندھن والی۔

اِذۡ هُـمۡ عَلَيۡـهَا قُعُوۡدٌ (6)

جب کہ وہ اس کے کناروں پر بیٹھے ہوئے تھے۔

وَهُـمۡ عَلٰى مَا يَفۡعَلُوۡنَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ شُهُوۡدٌ (7)

اور وہ ایمانداروں سے جو کچھ کر رہے تھے اس کو دیکھ رہے تھے۔

وَمَا نَقَمُوۡا مِنۡـهُـمۡ اِلَّاۤ اَنۡ يُّؤۡمِنُـوۡا بِاللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ (8)

اور ان سے اسی کا تو بدلہ لے رہے تھے کہ وہ اللہ زبردست خوبیوں والے پر ایمان لائے تھے۔

اَلَّذِیْ لَـہٗ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاللّـٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ (9)

وہ کہ جس کے قبضہ میں آسمان اور زمین ہیں اور اللہ ہر چیز پر شاہد ہے۔

اِنَّ الَّـذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُـمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَـهُـمْ عَذَابُ جَهَنَّـمَ وَلَـهُـمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ (10)

بے شک جنہوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو ستایا پھر توبہ نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلانے والا عذاب ہے۔

اِنَّ الَّـذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَـهُـمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِـهَا الْاَنْـهَارُ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْـرُ (11)

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام بھی کیے ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہی بڑی کامیابی ہے۔

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (12)

بے شک تیرے رب کی پکڑ بھی سخت ہے۔

اِنَّهٝ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ (13)

بے شک وہی پہلے پیدا کرتا ہے اور دوبارہ پیدا کرے گا۔

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ (14)

اور وہی ہے بخشنے والا محبت کرنے والا۔

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ (15)

عرش کا مالک بڑی شان والا۔

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (16)

جو چاہے کرنے والا۔

هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُـوْدِ (17)

کیا آپ کے پاس لشکروں کا حال پہنچا۔

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ (18)

فرعون اور ثمود کے۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ (19)

بلکہ منکر تو جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں۔

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ (20)

اور اللہ ہر طرف سے ان کو گھیرے ہوئے ہے۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ (21)

بلکہ وہ قرآن ہے بڑی شان والا۔

فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (22)

لوح محفوظ میں (لکھا ہوا ہے)۔